جے کرکرم کرے لج پال کریئے عید مدینے دی
ربا گھل دے ایسے سال کریئے عید مدینے دی

جس دم روضہ نظری آوے
ساری تھکن دور ہو جاوے

نالے سدھراں پاون دھمال کریئے عید مدینے دی
ربا گھل دے ایسے سال کریئے عید مدینے دی

یار حضور ﷺ دے پیارے دونویں
چن دے کول ستارے دونویں

چلو کھلیئے انہیاں نال کریئے عید مدینے دی
ربا گھل دے ایسے سال کریئے عید مدینے دی

نور دی بارش ورھدی اوتھے
ہر عاشق دا کر دی اوتھے

خود رحمت استقبال کریئے عید مدینے دی
ربا گھل دے ایسے سال کریئے عید مدینے دی

دل نوں یاراں نال سجا کے
کجھ ہنجواں دے ہار بنا کے

ایہو ـــ ـــ چلئے نال کریئے عید مدینے دی
ربا گھل دے ایسے سال کریئے عید مدینے دی

چھڈ دیوے سارے جھگڑے جھیڑے
عید دی آ گئی نیڑے نیڑے

Marfat.com

اس سال حضور ﷺ دے نال کریئے عید مدینے دی
ربا کھل دے ایسے سال کریئے عید مدینے دی

در سرکار ﷺ دا ملئے جا کے
جامیؒ ورگی چلئے جا کے

اوہناں گلیاں دے وچ چال کریئے عید مدینے دی
ربا کھل دے ایسے سال کریئے عید مدینے دی

☆☆☆

Marfat.com

نرالے محمد ﷺ دادروی نرالا

نرالے محمد ﷺ دا در وی نرالا
بلاوے اوہ بوہے تے ہر اک نوں شالا
محمد ﷺ دے در وی ملے جے گدائی
ایہو جئی زمانے وچ نعمت نہ کائی
اوتھوں جا کے بھردا اے آساں دا پیالہ
بلاوے اوہ بوہے تے ہر اک نوں شالا
قبر وچ جدوں آ کے پچھیا نکیراں
میں فٹ بولیا مصطفیٰ ﷺ دا فقیراں
مرے آ گیا کم ایہوای حوالہ
بلاوے اوہ بوہے تے ہر اک نوں شالا
خدا نوں ملن مصطفیٰ ﷺ جے نہ جاندے
جے اوہ نوری تلیاں عرش تے نہ لاندے
نہ ہوندی کدی شان اس دی دوبالا
نرالے محمد ﷺ دا در وی نرالے
جے والی نہ اوہ بدنصیباں دے بن دے
نہ کم اجیاں چ غریباں دے بن دے
تے کھوہ لیندے منہ دا وی ظالم نوالا
نرالے محمد ﷺ دا در وی نرالا
مدینے دی مٹی خداوں وی بھاوے
اوہنوں جا کے ناصر دی اکھیاں چ پاوے
مدینے دی مٹی ہے جنت توں اعلیٰ
نرالے محمد ﷺ دا در وی نرالا

Marfat.com

سدلو ہن سرکار ﷺ مدینے

سدلو ہن سرکار ﷺ مدینے
آوے اوہ گنہگار مدینے

رب آکھے میں بخش دیاں گا
آجاون گنہگار مدینے

رب دے جتنے ہن خزانے
سبھنا دا مختار مدینے

ہر واری مینوں روندیاں چھڈ کے
ٹرجاندے نے یار مدینے

جے رب سن لے میریاں عرضاں
دیواں ساری عمر گزار مدینے

ہر ویلے قدماں وچ رہندے
سوہنے دے دو یار مدینے

ہے جبرئیل غلامی کردا
آقا ﷺ دے دربار مدینے

جو حب دار پنجتن سیداں دا
اس نوں ملدا پیار مدینے

☆☆☆

Marfat.com

نبی ﷺ دیاں شاناں توں میں لکھ وار واری آں

نبی ﷺ دیاں شاناں توں میں لکھ وار واری آں
اللہ جانے سوہنے نوں میں چنگی آں کہ ماڑی آں

رتبے کی دساں سیو اس سرکار ﷺ دے
اوتھے جنید جے دم وی نئیں مار دے
دسوں ہاں نی سیو اوتھے کون میں وچاری آں
اللہ جانے سوہنے نوں میں چنگی آں کہ ماڑی آں

دل وچ درد اوہدا اوہدی مہربانی اے
اکھاں وچ اتھرو وی اوناں دی نشانی اے
پچھو نہ سیو ڈاڈی درداں دی ماری آں
اللہ جانے سوہنے نوں میں چنگی آں کہ ماڑی آں

ویکھیا اے مندیاں نوں سوہنا گل لاوندا
میرے جئی جھلی اتے کیدوں ویلا آوندا
دساں کی میں سیو بڑی اوگن ہاری آں
اللہ جانے سوہنے نوں میں چنگی آں کہ ماڑی آں

عمر گزاری اوہدی راہواں وچ بہہ کے
کوئی تے مدینے چلے مینوں نال لے کے
تکناں میں راہیاں دیاں کر کر ہاری آں
اللہ جانے سوہنے نوں میں چنگی آں کہ ماڑی آں

لگے نے نذیر جتھے ڈیرے سرکار ﷺ دے
عرشاں تو اچے شاناں اس دربار دے
پلکاں دے نال اوتھے پھیراں میں بہاریاں
اللہ جانے سوہنے نوں میں چنگی آں کہ ماڑی آں

Marfat.com

اکھیاں وچ سوہنے ماہی دی تصویر وسائی پھرناں واں

اکھیاں وچ سوہنے ماہی دی تصویر وسائی پھرناں واں
کی جانن لوکی دل وچ کی درد لکائی پھرناں واں

تیرے ناں دی مالا گل پائے سارے جگ دیاں خوشیاں ٹھکرا کے
جیہڑا درد دتا تیری فرقت نے سینے نال لائی پھرناں واں

تیرا ذکر کرہندیاں تھکدا نہیں کسے غیر ولے نیں تکدا نیں
جس دن دی خاک مدینے دی اکھیاں وچ پائی پھرناں واں

کوئی او گنہار نہیں میرے جیا کوئی پردہ پوش نہیں تیرے جیا
ایسے لئی تیری رحمت نے امید میں لائی پھرناں واں

اوہدے درم بناں گل مکنی نہیں اوہدے باجھ لکایاں مکنی نہیں
جہری گٹھڑی عیباں دی طاہر میں سر تے چائی پھرناں واں

☆☆☆☆☆

میں مدینے چلی آں

اللہ ھو اللہ ھو دل پاؤے جھلیاں
مینوں سوہنے نے بلایامیں مدینے چلی آں
مینوں کروتی تیار گل پاؤ پھلاں دے ہار
مینوں ملووار وار میں مدینے چلی آں
اللہ ھو اللہ ھو دل پاؤے جھلیاں
مینوں سوہنے نے بلایا میں مدینے چلی آں
حاجی کردے نے طواف نالے چم دے نے غلاف
میں وی کعبے دا غلاف ہون چمن چلی آں
اللہ ھو اللہ ھو دل پاؤے جھلیاں
مینوں سوہنے نے بلایامیں مدینے چلی آں
خانے کعبے دے مینار جتھے لگی اے بہار
اس لگی ہوئی بہار توں میں ویکھن چلی آں
اللہ ھو اللہ ھو دل پاؤے جھلیاں
مینوں سوہنے نے بلایامیں مدینے چلی آں
خانے کعبے دیاں گلیاں جتھے سوہنے نبی لایاں تلیاں
ایناں گلیاں دا میں بوسہ لیون چلی آں
اللہ ھو اللہ ھو دل پاؤے جھلیاں
مینوں سوہنے نے بلایامیں مدینے چلی آں

Marfat.com

صفامروہ دے چوفیرے جتھے حاجی لیندے سات پھیرے
بی بی ھاجرہ دی سنت میں نبھاون چلی آں

اللہ ھو اللہ ھو دل پاوے جھلیاں
مینوں سوہنے نے بلایا میں مدینے چلی آں

☆☆☆

رُباعی

عقل کہندی اے ہمت ہے کول تیرے میرے نال آطور تک لے چلاں
عشق کہندا اے دل دیاں کھول اکھاں تینوں در حضور تک لے چلاں
عقل کہندی اے میری اے گل منیں تینوں جنت دی حور تک لے چلاں
تے عشق کہندا اے حوراں نوں چھڈ ناصر تینوں در حضور تک لے چلاں

☆☆☆

Marfat.com

ایتھے دل نہیں لگدا یار

ایتھے دل نہیں لگدا یار چلئے شہر مدینے نوں
کریئے روضے دا دیدار چلئے شہر مدینے نوں

آپ ﷺ دے شہر مدینے آواں سبز گنبد نوں ویکھی جاواں
بھانویں مل جاون دن چار چلئے شہر مدینے نوں

جے ہووے سرکار ﷺ دی مرضی بن کے رہواں میں نوکر درزی
شالا وسدا رہوئے دربار چلئے شہر مدینے نوں

سرمہ پا کے مانگ سجا کے سوہنے سوہنے کپڑے پا کے
نالے کر کے ہار سنگھا چلئے شہر مدینے نوں

من تو میں تیری دیاں عرضاں ہجر دیاں سب مک جاون مرضاں
آپ ﷺ دا ہو جاوے دیدار چلئے شہر مدینے نوں

سوہنا مکھڑا مدنی ماہیئے دل دیاں ساریاں ریجھاں لاہیئے
دیئے قدماں توں جند وار چلئے شہر مدینے نوں

طیبہ دیاں نیں وکھریاں شاناں بندیاں سانوں ہر دم تانگاں
آوے قسمت والا وار چلئے شہر مدینے نوں

گل وچ عشق دی مالا پا کے دل وچ یار دا نقش جما کے
سارے ہو جاؤ تیار چلئے شہر مدینے نوں

ایتھے دل نہیں لگدا یار چلئے شہر مدینے نوں
کریئے روضے دا دیدار چلئے شہر مدینے نوں

Marfat.com

ذکر کلمہ شریف

لا الٰہ اِلّا اللّٰہ   لَآ اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ

ایہہ کلمہ نور خزینہ ایں
ایہہ رحمت دا آئینہ ایں
ایہہ دیندا تار سفینہ ایں   پڑھو لَآ اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ

ایہہ کھولدا اے ادراک میاں
ایہہ سیندا اے دامن چاک میاں
سانوں دسیا پنج تن پاک میاں   پڑھو لَآ اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ

ایہہ پڑھیاں روح دی جھول دی اے
ایہنوں پڑھ گئی ذات بتولؓ دی اے
ایہدے وچ ہی نعت رسولؐ دی   پڑھو لَآ اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ

ایہہ کل فقیراں دی چولی اے
ایہنے منہ وچ مصری گھولی اے
ایہو مرشد پاک دی بولی اے   پڑھو لَآ اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ

اس کلمے وچ سرور وی اے
غم کردا ناصر دور وی اے
ایہدے وچ توحید دا نور وی اے   پڑھو لَآ اِلٰہَ اِلّا اللّٰہُ

☆☆☆

Marfat.com

کوئی سلیقہ ہے آرزو کا

کوئی سلیقہ ہے آرزو کا' نہ بندگی میری بندگی ہے
یہ سب تمہارا کرم ہے آقا ﷺ کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

کسی کا احسان کیوں اٹھائیں' کسی کو حالات کیوں بتائیں
تمہیں سے مانگیں گے تم ہو دو گے تمہارے در سے ہی لو لگی ہے

عمل کی میری اساس کیا ہے' بجز ندامت کے پاس کیا ہے
رہے سلامت بس ان کی نسبت مرا تو بس آسرا یہی ہے

عطا کیا مجھ کو دردِ الفت کہاں تھی یہ پُرخطا کی قسمت
میں اس کرم کے کہاں تھا قابل حضور ﷺ کی بندہ پروری ہے

تجلیوں کے کفیل تم ہو' مرادِ قلبِ خلیل تم ہو
خدا کی روشن دلیل تم ہو یہ سب تمہاری ہی روشنی ہے

بشیر کہیے نذیر کہیے انہیں سراجِ منیر کہیے
جو سربسر ہے کلامِ ربی وہ میرے آقا ﷺ کی زندگی ہے

یہی ہے خالدؔ اساسِ رحمت یہی ہے خالدؔ بنائے رحمت
نبی ﷺ کا عرفان زندگی ہے نبی ﷺ کا عرفان بندگی ہے

Marfat.com

گھٹاؤ پھول برساؤ مدینہ یاد آیا ہے مدینہ یاد آیا ہے

گھٹاؤ پھول برساؤ مدینہ یاد آیا ہے مدینہ یاد آیا ہے
سماں ساون کا دکھلاؤ مدینہ یاد آیا مدینہ یاد آیا ہے

نہ چھیڑو واعظو جنت کے لالہ زار کی باتیں
مجھے کچھ اور نہ سمجھاؤ مدینہ یاد آیا ہے مدینہ یاد آیا ہے

تڑپ کر اے دل بیتاب تڑپا دے زمانے کو
جلد دو بجلیوں آ کر خوشی کے آشیانے کو

اے ارمانوں مچل جاؤ مدینہ یاد آیا ہے مدینہ یاد آیا ہے
خدا کے واسطے روکو نہ مجھ کو آج رونے دو

میرے اشکوں کو رونے دو مجھے بیتاب ہونے دو
مجھے کچھ اور نہ تڑپاؤ مدینہ یاد آیا ہے

تصور میں مرے رہنے بھی دو رنگین ناؤں کو
نبی ﷺ کے شہر اطہر گنبد خضرا کی چھاؤں کو
نہ اب صائم کو بہلاؤ مدینہ یاد آیا ہے مدینہ یاد آیا ہے

☆☆☆

Marfat.com

سارے نبیوں علیہ السلام کے عہدے بڑے ہیں

سارے نبیوں کے عہدے بڑے ہیں
لیکن آقا ﷺ کا منصب جدا ہے
وہ امام حدف انبیاء علیہ السلام ہیں
ان کا رتبہ بڑوں سے بڑا ہے

کوئی لفظوں سے کیسے بتائے
ان کے رتبے کی حد ہے تو کیا ہے
ہم نے اپنے بڑوں سے سنا ہے
صرف اللہ ان سے بڑا ہے

نام جنت کا تم نے سنا ہے
میں نے اس کا نظارہ کیا ہے
میں یہاں سے تمہیں کیا بتاؤں
ان کے شہر کی گلیوں میں کیا ہے

وہ جو اک شہر نورالہدیٰ ہے
جلوہ گاہوں کا اک سلسلہ ہے
جس کی ہر صبح شمس و الضحیٰ ہے
جس کی ہر شام بدرالدجیٰ ہے

مستقل ان کی چوکھٹ عطا ہو
میرے معبود یہ التجا ہے
کوئی پوچھے تو یہ کہہ سکوں گا
باب جبریل علیہ السلام میرا پتہ ہے

Marfat.com

گزر ہو جائے میرا بھی اگر طیبہ کی گلیوں میں

گزر ہو جائے میرا بھی اگر طیبہ کی گلیوں میں
تو کردوں زندگی ساری بسر طیبہ کی گلیوں میں

ہوائیں رحمتیں حق کی وہاں چلتی ہیں روز و شب
برستا نور ہے شام و سحر طیبہ کی گلیوں میں

جدھر دیکھی ادھر ماہ مبیں کی چاندنی دیکھی
جمال مصطفیٰ ﷺ آیا نظر طیبہ کی گلیوں میں

محمد مصطفیٰ ﷺ کے عشق میں ہر آنکھ پرنم ہے
یہ دیکھا ہے محبت کا اثر طیبہ کی گلیوں میں

درود ان ﷺ پر سلام ان ﷺ پر سلام ان ﷺ پر درود ان ﷺ پر
وظیفہ ہو یہی شام سحر طیبہ کی گلیوں میں

فرشتے بھی ادب سے سر جھکاتے ہیں وہاں راشد
مری بھی کیوں نہ جھک جائے نظر طیبہ کی گلیوں میں

☆☆☆

Marfat.com

میرے دل میں ہے یاد محمد ﷺ

میرے دل میں ہے یاد محمد ﷺ میرے ہونٹوں پہ ذکر مدینہ
تاجدار حرم کے کرم سے آ گیا زندگی کا قرینہ

ان کی چشم کرم کی عطا ہے میرے سینے میں ان کی ضیاء ہے
یاد سلطان طیبہ کے صدقے میرا سینہ ہے مثل نگینہ

میں غلامان احمد ﷺ میں سگ آستان احمد ﷺ
قابل فخر ہے موت میری قابل رشک ہے میرا جینا

مجھے طوفان کی موجوں کا کیا ڈر یہ نکل جائیگا رخ بدل کر
ناخدا میرے جب محمد ﷺ کیلئے ڈوبے گا میرا سفینہ

دولت عشق سے دل غنی ہے میری قسمت ہے رشک سکندر
مدحت مصطفی ﷺ کی بدولت مل گیا ہے مجھے یہ خزینہ

☆☆☆

Marfat.com

نہ کلیم کا تصور نہ خیال طور سینا

نہ کلیم کا تصور نہ خیال طور سینا
میری آرزو محمد ﷺ میری جستجو مدینہ

میں گدائے مصطفیٰ ﷺ ہوں میری عظمتیں نہ پوچھو
مجھے دیکھ کر جہنم کو بھی آ گیا پسینہ

مجھے دشمنوں نہ چھیڑو مرا ہے کوئی جہاں میں
میں ابھی پکار لوں گا نہیں دور ہے مدینہ

میں مریض مصطفیٰ ﷺ ہوں مجھے چھیڑو نہ طبیو
مری زندگی جو چاہو مجھے لے چلو مدینہ

میرے سفینے میں باقی کوئی کسر ہی نہیں رہتی
کہا المدد محمد ﷺ تو ابھر گیا سفینہ

سوا اس کے میرے دل میں کوئی آرزو نہیں ہے
مجھے موت بھی جو آئے تو ہو سامنے مدینہ

کبھی اے شکیلؔ دل سے نہ مٹے خیال احمد ﷺ
اسی آرزو میں مرنا اسی آرزو میں جینا

Marfat.com

یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ میں کہتا رہا

یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ میں کہتا رہا نور کے موتیوں کی لڑی بن گئی
آیتوں سے ملاتا رہا آیتیں پھر جو دیکھا تو نعت نبی ﷺ بن گئی

جو بھی آنسو ہے میرے محبوب ﷺ کے سب کے سب ابر رحمت کے چھینٹے بنے
ہو گئی رات زلف لہرا گئی جب تبسم کیا چاندنی بن گئی

یہ تو مانا کہ جنت ہے باغ حسیں خوبصورت ہے سب خلا کی سرزمیں
حسن جنت کو پر جب سمیٹا گیا سرور انبیا ﷺ کی گلی بن گئی

جب چہرا تذکرہ ان کے رخسار کا والضحیٰ پڑھ لیا والقمر کہہ دیا
سورتوں کی تلاوت بھی ہوتی رہی نعت بھی ہو گئی بات بھی بن گئی

سب سے صائم زمانے میں معذور تھا سب سے بے کس تھا بے بس تھا مجبور تھا
ان ﷺ کو رحم آ گیا میرے حالات پر مری عظمت مری بے بسی بن گئی

☆☆☆

Marfat.com

طیبہ کی ہے یاد آئی

طیبہ کی ہے یاد آئی اب اشک بہانے دو
محبوب ﷺ نے آنا ہے راہوں کو سجانے دو

مشکل ہو اگر میرا طیبہ میں ابھی جانا
اے باد صبا میری آہوں کو تو جانے دو

میں تیری زیارت کے قابل تو نہیں مانا
یادوں کی شہا اپنی خوابوں میں تو آنے دو

اشکوں کی لڑی ہوگی اب ٹوٹنے مت دینا
آقا ﷺ کیلئے مجھ کو کچھ ہار بنانے دو

جو چاہو سزا دینا محبوب ﷺ کے دربانو!
اک بار تو جالی کو سینے سے لگانے دو

محبوب ﷺ کے قابل یہ الفاظ کہاں صائم
اشکوں کی زباں سے اب اک نعت سنانے دو

☆☆☆

Marfat.com

بگڑی بھی بنائیں گے

بگڑی بھی بنائیں گے جلوے بھی دکھائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

ہم مسجد نبوی کے دیکھیں گے مناروں کو
اور گنبد خضریٰ کے پرنور نظاروں کو
ہم جا کے مدینہ پھر واپس نہیں آئیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

مل جائے گی تعبیریں اک روز تو خوابوں کی
گرجائیں گی دیواریں سب دیکھنا راہوں کی
ہم روضہ اقدس پر جب آنسو بہائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

دل عشق نبی میں تم کچھ اور تڑپنے دو
اس دید کی آتش کو کچھ اور بھڑکنے دو
ہم تشنہ دلی چل کر زم زم سے بجھائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار بلائیں گے

جب حشر کے میداں میں اک حشر بپا ہوگا
جب فیصلہ امت کا کرنے کو خدا ہوگا
امت کو شہ بطحا ﷺ کملی میں چھپائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

للہ محمد ﷺ سے روداد مری کہنا
یہ پوچھ کے آقا ﷺ سے لے حاجیو! تم آنا
عشرت کو در اقدس پہ اب آپ ﷺ بلائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

Marfat.com

یہ درِ حبیب ﷺ کی بات ہے

نہ کہیں سے دور ہیں منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہے اس کو نواز دے یہ درِ حبیب ﷺ کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ بھٹک کے راہ میں رہ گئی یہ مچل کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی شان تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر ان سے ہے مرا واسطہ
مری لاج رکھ لے میرے خدا یہ تیرے حبیب ﷺ کی بات ہے

تجھے اب منور بے نوا درِ شہ ﷺ سے چاہئے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنے تو بڑے نصیب کی بات ہے

Marfat.com

نگاہ لطف کے امیدوار ہم بھی ہیں

نگاہ لطف کے امیدوار ہم بھی ہیں
لئے ہوئے یہ دل بے قرار ہم بھی ہیں

ہمارے دست تمنا کی. لاج بھی رکھنا
تیرے فقیروں میں اے شہریار ہم بھی ہیں

تمہاری اک نگاہ کرم میں سب کچھ ہے
پڑے ہوئے تو سرراہ گزار ہم بھی ہیں

جو سر پہ رکھنے کو مل جائے نعل پاک حضور ﷺ
تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

ادھر بھی تو سن اقدس کے دو قدم جلوے
تمہاری راہ میں مشت غبار ہم بھی ہیں

ہماری بگڑی بنی ان کے اختیار میں ہے
سپرد انہیں کے ہیں سب کاروبار ہم بھی ہیں

حسن ہے جن کی سخاوت کی دھوم عالم میں
انہیں کے تم بھی ہو اے ریزہ خوار ہم بھی ہیں

☆☆☆

Marfat.com

دل درد سے بسمل کی طرح

دل درد سے بسمل کی طرح لوٹ رہا ہو
سینے پہ تسلی کو تیرا ہاتھ دھرا ہو

گر وقت اجل سر تیری چوکھٹ پہ جھکا ہو
جتنی ہو قضا ایک ہی سجدے میں ادا ہو

دیکھا انہیں محشر میں تو رحمت نے پکارا
آزاد ہے جو آپ کے دامن سے بندھا ہو

آتا ہے فقیروں پہ انہیں پیار کچھ ایسا
خود بھیک دیں اور خود کہیں منگتے کا بھلا ہو

تم کو تو غلاموں سے ہے کچھ ایسی محبت
ہے ترک ادب ورنہ کہیں ہم فدا ہو

فردوس کے باغوں سے ادھر مل نہیں سکتا
جو کوئی مدینہ کے بیاباں میں گما ہو

دے ڈالئے اپنے لب جاں بخش کا صدقہ
اے چارۂ دل! درد حسن کو بھی دوا ہو

☆☆☆

Marfat.com

رخ پہ رحمت کا جھومر سجا ہے

رخ پہ رحمت کا جھومر سجا ہے کملی والے ﷺ کی محفل سجی ہے
مجھ کو محسوس یوں ہو رہا ہے ان کی محفل میں جلوہ گری ہے
نعت حسن شاہ دوسرا ہے نعت نبی ﷺ ذکر رب العلیٰ ہے
نعت لکھنا میری زندگی ہے نعت کہنا میری بندگی ہے
مقلسو تم اگر چاہتے ہو زیارت در مصطفیٰ ﷺ کی
دل کی جانب نگاہیں جھکا لو سامنے مصطفیٰ ﷺ کی گلی ہے
جب نہ آئے تھے وہ شاہ شاہاں سونی سونی تھی یہ بزم امکان
ان کے آنے سے رونق ہوئی ہے ان کے آنے سے بگڑی بنی ہے
ان کی چوکھٹ کے مانگنے والا کون کہتا غریب ہوتا ہے
جس کو جس نے دیا ہے دردا میرا سکا وہ ہی طبیب ہوتا ہے

روئے بدرالدجیٰ دیکھتے رہ گئے ۔۔۔ چہرۂ والضحیٰ دیکھتے رہ گئے
حسن خیرالوریٰ میں خدا کی قسم ۔۔۔ ہم جمال خدا دیکھتے رہ گئے
ہم گنہگار پہنچے در پاک پر ۔۔۔ زاہد و پارسا دیکھتے رہ گئے
در پہ بلوا کے داتا نے جھولی بھری ۔۔۔ یہ عطا پر عطا دیکھتے رہ گئے
کوئے طیبہ میں حیرت سے اہل سخا ۔۔۔ شہہ کی جود و سخا دیکھتے رہ گئے
وہ ہوا لطف کرم صل علیٰ ۔۔۔ عاصی و پرخطا دیکھتے رہ گئے
چاند دو ٹکڑے ہو کر تصدق ہوا ۔۔۔ دشمن مصطفیٰ دیکھتے رہ گئے
جالیوں کے قریں بیٹھ کر وجد میں ۔۔۔ نور حق کی ضیاء دیکھتے رہ گئے
شان محبوب ﷺ اسریٰ میں ملکوت کیا ۔۔۔ قدسی با صفاء دیکھتے رہ گئے
رکے سدرہ کی منزل پہ روح الامین ۔۔۔ رخصت مصطفیٰ ﷺ دیکھتے رہ گئے
جو سکندر ہوا ان کے دربار سے ۔۔۔ وہ کرم وہ عطا دیکھتے رہ گئے

Marfat.com

نام محمد ﷺ کتنا میٹھا میٹھا لگتا ہے

نام محمد ﷺ کتنا میٹھا میٹھا لگتا ہے
دونوں جہاں سرکار ﷺ کا مجھ کو صدقہ لگتا ہے

یاد نبی ﷺ کا گلشن مہکا مہکا لگتا محفل ہے
محفل میں موجود ہیں آقا ﷺ ایسا لگتا ہے

لب پہ نغمے صل علیٰ کے ہاتھوں میں کشکول
دیکھو تو سرکار ﷺ کا منگتا کیسا لگتا ہے

غوث و قطب ابدال قلندر سب ان کے محتاج
میرا داتا سب داتوں داتا لگتا ہے

یاد نبی میں رونے والا ہم دیوانوں کو
لاکھ پرایا ہو وہ پھر بھی اپنا لگتا ہیں

ان کے در پہ پلنے والا اپنا آپ جواب
کوئی غریب نواز تو کوئی داتا لگتا ہیں

اور سنائیں اپنے نبی ﷺ کو اپنے غم کی بات
ان کے علاوہ کون نیازی اپنا لگتا ہے

☆☆☆

Marfat.com

پہلے سرکار ﷺ کی محفل کو سجانا ہوگا

پہلے سرکار ﷺ کی محفل کو سجانا ہوگا
دیکھنا پھر میرے سرکار ﷺ کا آنا ہوگا

طالب دید کو دیدار مدینہ ہوگا
دل کی جانب ذرا نظروں کو جھکانا ہوگا

نعت لکھتا رہوں نعت میں پڑھتا ہی رہوں
خلا میں یہ میرے جانے کا بہانہ ہوگا

پنجتن کا ہوں گدا اتنا کرم ہے مجھ پر
میرا حامی وہاں سرکار ﷺ کا گھرانہ ہوگا

جو یہ چاہے کہ ملے اس کو بقائے ابدی
عشق سرکار ﷺ میں ہستی کو مٹانا ہوگا

ہو یہ عطار شاہا آپ ﷺ کے قدموں پہ نثار
انشاء اللہ میری بخشش کا بہانہ ہوگا

☆☆☆

Marfat.com

اے عشق نبی ﷺ میرے دل میں بھی سما جانا

اے عشق نبی ﷺ میرے دل میں بھی سما جانا
مجھ کو بھی مدینے کا دیوانہ بنا جانا

جو رنگ کے جامیؒ پر رومیؒ پہ چڑھایا تھا
اس رنگ کی کچھ رنگت مجھ پہ بھی چڑھا جانا

قدرت کی نگاہیں بھی جس چہرے کو تکتی تھی
اس چہرہ انور کا دیدار کرا جانا

جس خواب میں ہو جائے دیدار نبی ﷺ حاصل
اے عشق کبھی مجھ کو نیند ایسی سلا جانا

دیدار محمد ﷺ کی حسرت تو رہے باقی
جز اس کے ہر ایک حسرت اس دل سے مٹا جانا

دنیا سے ریاضؔ ہو جب عقبیٰ کی طرف جانا
داغِ غم احمد ﷺ سے سینے کو بسا جانا

☆☆☆

Marfat.com

اے سبز گنبد والے

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا
جب وقت نزع آئے دیدار عطا کرنا

میں قبر اندھیری میں گھبراؤں کا جب تنہا
امداد کو میری تم آجانا رسول اللہ ﷺ
روشن میری تربت کے للہ ذرا کرنا

اے نور خدا آ کر آنکھوں میں سما جانا
یا در پہ بلا لینے یا خواب میں آ جانا
اے پردہ نشیں دل کے پردے میں رہا کرنا

محبوب الٰہی سے کوئی نہ حسیں دیکھا
یہ شان ہے محمد ﷺ کی کہ سایہ بھی نہیں دیکھا
اللہ نے سائے کو چاہا نہ جدا کرنا

چہرے سے ضیاء پائی ان چاند ستاروں نے
اس در سے شفا پائی دکھ درد کے ماروں نے
آتا ہے انہیں صابر ہر دکھ کی دوا دینا

☆☆☆

Marfat.com

سیر گلشن کون دیکھے

سیر گلشن کون دیکھے دشت طیبہ چھوڑ کر
سوئے جنت کون جائے در تمہارا چھوڑ کر

سرگزشت غم کہوں کس سے تیرے ہوتے ہوئے
کس کے در پر جاؤں تیرا آستانہ چھوڑ کر

بے لقائے یار ان کو چین آ جاتا اگر
بار بار آتے نہ یوں جبریل سدرہ چھوڑ کر

مر ہی جاؤں میں اگر اس در سے جاؤں دو قدم
کیا بچے بیمار غم قرب مسیحا چھوڑ کر

بخشوانا مجھ سے عاصی کو روا ہوگا کسے
کس کے دامن میں چھپوں دامن تمہارا چھوڑ کر

ایسے جلوے پر کروں لاکھ حوروں کو نثار
کیا غرض کیوں جاؤں جنت کو مدینہ چھوڑ کر

کس تمنا پر جئیں یارب اسیران قفس
آ چکی باد صبا باغ مدینہ چھوڑ کر

مر کے جیتے ہیں جو ان کے در پہ آئے ہیں حسنؔ
جی کے مرتے ہیں جو آتے ہیں مدینہ چھوڑ کر

Marfat.com

بڑی امید ہے سرکار ﷺ قدموں میں بلائیں گے

بڑی امید ہے سرکار ﷺ قدموں میں بلائیں گے
کرم کی جب نظر ہوگی مدینے ہم بھی جائیں گے

اگر جانا مدینے میں ہوا ہم غم کے ماروں کا
ملیں گنبد خضرا کو حال دل سنائیں گے

قسم اللہ کی ہوگا وہ منظر دید کے قابل
قیامت میں رسول اللہ ﷺ جب تشریف لائیں گے

قیامت تک جگائیں گے نہ پھر منکر نکیر اس کو
لحد میں وہ جسے اپنا رخ زیبا دکھائیں گے

غم عشق نبی سے ہو جب معمور دل نیّر
تیرے ظلمت کدے میں بھی ستارے جگمگائیں گے

☆☆☆

Marfat.com

چھوڑ فکر دنیا کی

چھوڑ فکر دنیا کی چل مدینے چلتے ہیں
مصطفیٰ ﷺ غلاموں کی قسمتیں بدلتے ہیں

اے کاش کوئی کہہ دے آ کر میرے کانوں میں
چل تجھ کو مدینے میں سرکار ﷺ بلاتے ہیں

بنے گا جانے کا بہانہ کہے گا آ کر کوئی دیوانہ
چلو نیازی تمہیں مدینے میں مدینے والے بلاتے ہیں

آمنہؑ کے پالے کا کالی کملی ﷺ والے کا
جشن ہم مناتے ہیں جلنے والے جلتے ہیں

رحمتوں کی چادر کے سر پہ سائے چلتے ہیں
مصطفیٰ ﷺ کے دیوانے گھر سے جب نکلتے ہیں

نقش کرے سینے میں نام سرورِ دیں کو
یہ وہ نام ہے جس سے سب عذاب ٹلتے ہیں

صرف ساری دنیا میں وہ طیبہ کی گلیاں ہیں
جس جگہ پر مجھ جیسے کھوٹے سکے چلتے ہیں

ذکر شہہ بطحا کو ورد اپنا بنا لیجے
یہ وہ ذکر ہے جس سے غم خوشی میں ڈھلتے ہیں

جاؤں در پہ ان کے میں اور سناؤں میں نعتیں
دیکھیں دل کے کب ارمان میرے یہ نکلتے ہیں

ہم کو روز ملتا ہے صدقہ کملی والے کا
مصطفیٰ ﷺ کے ٹکڑوں پر خوش نصیب پلتے ہیں

جی ہے غیر کا احسان ہم کبھی نہیں لیتے
اے علیم آقا ﷺ کے ہم ٹکڑوں پہ پلتے ہیں

Marfat.com

منگتے ہیں کرم ان کا صدا مانگ رہے ہیں

منگتے ہیں کرم ان کا صدا مانگ رہے ہیں
دن رات مدینے کی دعا مانگ رہے ہیں

کم مانگ رہے ہیں نہ سوا مانگ رہے ہیں
جیسا ہے غنی ویسی عطا مانگ رہے ہیں

ہر نعمت کونین ہے دامن میں ہمارے
ہم صدقہ محبوب خدا ﷺ مانگ رہے ہیں

یوں کھو گئے سرکار ﷺ کے لطف و کرم میں
یہ بھی تو نہیں ہوش کہ کیا مانگ رہے ہیں

سرکار ﷺ کا صدقہ میری سرکار ﷺ کا صدقہ
محتاج و غنی شاہ و گدا مانگ رہے ہیں

اب لاج ترے ہاتھ ہے اے رحمت کونین ﷺ
مدفن کو مدینے میں جگہ مانگ رہے ہیں

اے درد محبت ابھی کچھ اور فزوں ہو
دیوانے تڑپنے کی ادا مانگ رہے ہیں

Marfat.com

کرم دی اک نظر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا

کرم دی اک نظر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا
جے آویں تے سحر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا
میں سوں جاواں تے کھولاں جس گھڑی اکھیاں
تیرا موجود در ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا
تیرے دربار چوں منگنا تیرے حسنینؓ دا صدقہ
میری ہاہ وچ اثر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا
مدینے وچ تیری چوکھٹ تیرے دربار تے جا کر
عمر ساری بسر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا
میں تیرے ہجر دے اندر سدا رونواں تے کرلانواں
نہ جی ہووے نہ مدھووے مدینے والیا ﷺ شاہا
غلامی دی سندسانوں وی مل جاوے مدینے چوں
نہ فیر دوزخ دا ڈر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا
کدی تشریف لے آویں تے محشر وچ مزا آوے
جدوں پل توں گزر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا

ایہو ناصر سوال دی گزارش ہے میرے آقا ﷺ
حشر وچ نال نشر ہووے مدینے والیا ﷺ شاہا

Marfat.com

میں فقیر ہاں تیرے شہر دا

میں فقیراں ہاں تیرے شہر دا میرا آسرا کوئی ہور نہیں
مینوں بھیک دے میرے سوہنیا تیرے نال دا کوئی ہور نہیں

توں ازل توں سجناں پال دا توں سوالیا نوں نہیں ٹال دا
تیرے مرتبے تیری شان دا یا مصطفیٰ ﷺ کوئی ہور نہیں

تینوں رب نے سد کے خود کہیا میرے جانیاں میرے دلبرا
جیویں ویکھنا تیری ہے ادا انج ویکھ دا کوئی ہور نہیں

جتھے نوریاں دا گزر نہیں جتھے پہنچ سکدا بشر نہیں
جتھے توں گیوں تیرا حوصلہ اوتھے پہنچا کوئی ہوا نہیں

گنہگار امت واسطے رب نال گنڈھ کے رابطے
جیویں جاگیوں میرے سوہنیا اونویں لگدا کوئی ہور نہیں

آئے نیں جنے وی نبی ﷺ تک دے رہے تیری گلی
جیویں چمکیوں توں سوہنیا انج چمکیا کوئی ہور نہیں

کدی آ توں ناصر گھر میرے نت ویکھاں رستے میں تیرے
میرے وانگ درداں ماریا میرے ہادیا کوئی ہور نہیں

رُباعی

گنہگار گزاری اے جو اتھے اپلی کیشن حضور ﷺ دی اکھ وچ اے
محفل اندر جو ہن تک ہو رہی اے کنورسیشن حضور ﷺ دی اکھ وچ اے
ہر اک فردنوں جان دے نبی ﷺ میرے ہر اک نیشن حضور ﷺ دی اکھ وچ اے
جو کجھ بیت رہی اے ناصر دلاں اتے سچویشن حضور ﷺ دی اکھ وچ اے

☆☆☆

Marfat.com

چنگیاں چنگیاں نال لالو یاریاں

چنگیاں چنگیاں نال لالو یاریاں
مشکلاں آسان ہوسن ساریاں

چنگیاں وچ صفتاں نظر دو آندیاں
عادتاں چنگیاں تے شکلاں پیارایاں

کر محبت اللہ دے دلدار ﷺ نال
رب کرے گا تیریاں دلداریاں

ہون ازل توں رہن گیاں تا ابد
رب دی سوں آقا ﷺ دیاں سرداریاں

اوس دی الفت جان ہے ایمان دی
عاشقاں اوس توں نیں جاناں ولدیاں

سرنوائے اوس دے اگے خاکیاں
دل تھیں ضیا نوریاں تے ناریاں

دل تے ناں لکھ مصطفیٰ ﷺ دا اے ریاض
دیکھ لیں فیر دل دیاں گل کاریاں

☆☆☆

Marfat.com

در تے کھڑا غلام بڑی دیر ہوگئی

در تے کھڑا غلام بڑی دیر ہوگئی
بھر دو میرا بھی جام بڑی دیر ہوگئی

پی پی کے سارے ٹر گئے میخوار ساقیا
آیا نہیں میرا نام بڑی دیر ہوگئی

دو گھٹ پلا دے سانوں وی اکھیاں دے جام چوں
بیٹھے آں تشنہ کام بڑی دیر ہوگئی......

دو مٹھڑے مٹھڑے بول ذرا بول سوہنیا
سنیا تیرا کلام بڑی دیر ہوگئی

تکناں صبح و شام میں روز شام دا
آیا نہیں میرا نام بڑی دیر ہوگئی

چہرے توں کھول زلفاں میخوار ساقیا
لمبی اے غم دی شام بڑی دیر ہوگئی

ساڈے جیاں غریباں نوں در تے بلان لئی
ہو جائے اذن عام بڑی دیر ہوگئی

چھوٹی جئی آرزو اے حافظ غلام دی
سن لو میرا سلام بڑی دیر ہوگئی

در تے کھڑا غلام بڑی دیر ہوگئی
بھردو میرا بھی جام بڑی دیر ہوگئی

☆☆☆

مدینے دی مٹی دوائی توں ودھ اے
جیہڑی شے نبی ﷺ دی گدائی توں ودھ اے
تے اسی لنہاں لڈواں دے گھٹ شوقین آں
کیونکہ ناں میرے آقا ﷺ دا مٹھائی توں ودھ اے

Marfat.com

بناں یار گزارا نئیں ہونا

دلا اٹھ سجناں دے کول وسیئے
بناں یار گزارا نہیں ہونا
جتھے یار ہووے اوتھے چل وسیئے
ایویں بیٹھے نظارا نہیں ہونا

کتھے ملے تے درد سنا دیئے
رو رو کے نین وہادیئے
جیویں مندا اے یار منایئے
ایڈا صدمہ گوارا نہیں ونا

بناں یار دے جینا مندا اے
اوہدے نالوں مرناں چنگا اے
دلا یار دے قدماں وچہ چل چلئے
اوہندے باجھ سہارا نہیں ہونا

کوئی یار دے در تے جاندے نیں
رج رج کے دید جاپاندے نیں
سانوں قسمت تے اج روناپیا
بناں دید گزارا نہیں ہونا

اٹھ یار نوں راضی کریئے
بھاویں دکھ مصیبتاں جر لیئے
بیٹھے ہووے آرام دے نال دلا
راضی مول پیارا نہیں ہونا

درغیراں دے حافظ جانا کی
غیراں نوں حال سنانا کی
رونا یار دے در تے چنگا اے
اس در توں کنارا نہیں ہونا

Marfat.com

مٹھے مٹھے سوہنے تیرے بول کملی والیا ﷺ

مٹھے مٹھے سوہنے تیرے بول کملی والیا ﷺ
کج لیندے عاصیاں دے پول کملی والیا ﷺ
جنہاں لالیاں دل وچہ بوٹا یار والا کسے ویرنے اوس وڈھن نئیں
جیہڑے دل وچہ حضور ﷺ دی یاد بہہ گئی اوہنوں حشر تیکر کسے کڈھنا نئیں
جیہڑا بنیا سوالی حضور ﷺ دا اے کئے تراگے ہتھ اڈناں نئیں
چھڈے سارا ظہور کی جہان سانوں اساں ذکر حضور ﷺ دا چھڈناں نئیں
مٹھے مٹھے سوہنے تیرے بول کملی والیا ﷺ
کج لیندے عاصیاں دے پول کملی والیا ﷺ
ٹھنڈیاں ہواواں نے مدینے وچوں چلیاں
زلفاں نوں دتا جدوں کھول کملی والیا
پل سے گزروں راہ گزر کر قبر نہ ہو
جبریل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو
وڈے وڈے جاندے جتھے ڈول کملی والیا ﷺ
مٹھے مٹھے سوہنے تیرے بول کملی والیا ﷺ
خلیل و نجی مسیح و ھی سبھی سے کہیں کہیں بھی بنی
یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمہارے لئے
بس تیرے ای سہارے سانوں اوتھے وی سنبھالیاں
وڈے وڈے جاندے جتھے ڈول کملی والیا ﷺ
خدا جب تجھ سے فرمائے کہ لاؤ اپنی امت کو
تو ہماری طرف بھی کرنا اشارہ یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

تیرے ای سہارے ساتوں اوتھے ای سنبھالیا
وڈے وڈے جاندے جتھے ڈول کملی والیا ﷺ

مٹھے مٹھے سوہنے تیرے بول کملی والیا ﷺ
کج لیندے عاصیاں نوں پول کملی والیا ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

کلامِ اعلیٰ حضرت

امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی

واہ کیا جود و کرم ہے شہِ بطحا تیرا
"نہیں" سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

دھارے چلتے ہیں عطا کے وہ ہے قطرہ تیرا
تارے کھلتے ہیں سخا کے وہ ہے ذرہ تیرا

فیض ہے یا شہِ تسنیم نرالا تیرا
آپ پیاسوں کے تجسس میں ہے دریا تیرا

اغنیا پلتے ہیں در سے وہ ہے باڑا تیرا
اصفیا چلتے ہیں سر سے وہ ہے رستا تیرا

فرش والے تیری شوکت کا علو کیا جانیں
خسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

آسماں خوانٰ زمین خوانٰ زمانہ مہمان
صاحبِ خانہ لقب کس کا ہے؟ تیرا تیرا

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا منہ کیا دیکھیں
کون نظروں پہ چڑھے دیکھ کے تلوا تیرا

Marfat.com

بحر سائل کا ہوں سائل نہ کنویں کا پیاسا
خود بجھا جائے کلیجا مرا چھینٹا تیرا

چور حاکم سے چھپا کرتے ہیں یا اسکے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

آنکھیں ٹھنڈی ہوں جگر تازے ہوں جانیں سیراب
سچے سورج وہ دل آرا ہے اُجالا تیرا

دل عبث خوف سے پتا سا اُڑا جاتا ہے
پلہ ہلکا سہی بھاری ہے بھروسا تیرا

ایک میں کیا مرے عصیاں کی حقیقت کتنی
مجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارہ تیرا

مفت پالا تھا کبھی کام کی عادت نہ پڑی
اب عمل پوچھتے ہیں ہائے نکما تیرا

تیرے ٹکڑوں سے پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

خوار و بیمار خطا وار گنہگار ہوں میں
رافع و نافع و شافع لقب آقا تیرا

میری تقدیر بری ہو تو بھلی کر دے کہ ہے
محو و اثبات کے دفتر پہ کڑوڑا تیرا

تو جو چاہے تو ابھی میل مرے دل کے دھلیں
کہ خدا دل نہیں کرتا کبھی میلا تیرا

کس کا منہ تکیے کہاں جائیے کس سے کہیے
تیرے ہی قدموں پہ مٹ جائے یہ پالا تیرا

Marfat.com

تو نے اسلام دیا تو نے جماعت میں لیا
تو کریم اب کوئی پھرتا ہے عطیہ تیرا

موت سنتا ہوں ستم تلخ ہے زہرابۂ ناب
کون لا دے مجھے تلووں کا غسالہ تیرا

دور کیا جانیے بدکار پہ کیسی گزرے
تیرے ہی در پہ مرے بیکس و تنہا تیرا

تیرے صدقے مجھے اک بوند بہت ہے تیری
جس دن اچھوں کو ملے جام چھلکتا تیرا

حرم طیبہ و بغداد جدھر کیجئے نگاہ
جوت پڑتی ہے تری نور ہے چھنتا تیرا

تیری سرکار میں لاتا ہے رضا اس کو شفیع
جو مرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا

☆☆☆

Marfat.com

وہ کمالِ حسنِ حضور ﷺ ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں

وہ کمالِ حسن حضور ﷺ ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

دو جہاں کی بہتریاں نہیں کہ امانیِ دل و جاں نہیں
کہو کیا ہے وہ جو یہاں نہیں مگر اک "نہیں" کہ وہ ہاں نہیں

میں نثار تیرے کلام پر ملی یوں تو کس کو زباں نہیں
وہ سخن ہے جس میں سخن نہ ہو وہ بیاں ہے جس کا بیاں نہیں

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

کرے مصطفیٰ ﷺ کی اہانتیں کھلے بندوں اس پہ یہ جرأتیں
کہ میں کیا نہیں ہوں محمدیؐ ارے ہاں نہیں' ارے ہاں نہیں

ترے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زباں نہیں نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

وہ شرف کہ قطع ہیں نسبتیں وہ کرم کہ سب سے قریب ہیں
کوئی کہہ دو یاس و اُمید سے وہ کہیں نہیں وہ کہاں نہیں

یہ نہیں کہ خُلد نہ ہو نکو وہ نکوئی کی بھی ہے آبرو
مگر اے مدینہ کی آرزو جسے چاہے تو وہ سماں نہیں

ہے انہیں کے نور سے سب عیاں ہے انہیں کے جلوہ میں سب نہاں
بنے صبح تابش مہر سے رہے پیش مہر یہ جاں نہیں

وہی نورِ حق وہی ظلِ رب ہے انہیں سے سب ہے انہیں کا سب
نہیں ان کی مِلک میں آسماں کہ زمیں نہیں کہ زماں نہیں

Marfat.com

وہی لا مکاں کے مکیں ہوئے سرِ عرش تخت نشیں ہوئے
وہ نبی ﷺ ہے جسکے ہیں یہ مکاں وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

سرِ عرش پر ہے تری گزر دلِ فرش پر ہے تری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شے نہیں وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

کروں تیرے نام پہ جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروروں جہاں نہیں

ترا قد تو نادرِ دہر ہے کوئی مثل ہو تو مثال دے
نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سروِ چماں نہیں

نہیں جس کے رنگ کا دوسرا نہ تو ہو کوئی نہ کبھی ہوا
کہو اس کو گل کہے کیا بنی کہ گلوں کا ڈھیر کہاں نہیں

کروں مدح اہلِ دول رضاؔ پڑے اس بلا میں میری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا میرا دین پارۂ ناں نہیں

☆☆☆

Marfat.com

دشمن احمد ﷺ پہ شدت کیجیے

دشمن احمد ﷺ پہ شدت کیجیے
ملحدوں کی کیا مروت کیجیے

ذکر اُن کا چھیڑیے ہر بات میں
چھیڑنا شیطاں کا عادت کیجیے

مثل فارس زلزلے ہوں نجد میں
ذکر آیاتِ ولادت کیجیے

غیظ میں جل جائیں بے دینوں کے دل
''یا رسول اللہ'' ﷺ کی کثرت کیجیے

کیجیے چرچا انہیں کا صبح و شام
جانِ کافر پر قیامت کیجیے

آپ درگاہِ خدا میں ہیں وجیہہ
ہاں شفاعت بالوجاہت کیجیے

حق تمہیں فرما چکا اپنا حبیب ﷺ
اب شفاعت بالمحبت کیجیے

اذن کب کا مل چکا اب تو حضور ﷺ
ہم غریبوں کی شفاعت کیجیے

ملحدوں کا شک نکل جائے حضور ﷺ
جانب مہ پھر اشارت کیجیے

شرک ٹھہرے جس میں تعظیم حبیب ﷺ
اُس برے مذہب پہ لعنت کیجیے

Marfat.com

ظالمو! محبوب ﷺ کا حق تھا یہی
عشق کے بدلے عداوت کیجیے

والضحیٰ حجرات الم نشرح سے پھر
مومنو اتمامِ حجت کیجیے

بیٹھتے اُٹھتے حضور پاک ﷺ سے
التجا و استعانت کیجیے

یا رسول اللہ ! دہائی آپ کی
گو شمالِ اہلِ بدعت کیجیے

غوث اعظم آپ سے فریاد ہے
زندہ پھر یہ پاک ملّت کیجیے

یا خدا تجھ تک ہے سب کا منتہیٰ
اولیاء کو حکم نصرت کیجیے

میرے آقا حضرتِ اچھے میاںؒ
ہو رضا اچھا وہ صورت کیجیے

☆☆☆

Marfat.com

دلا غافل نہ ہو یک دم

دلا غافل نہ ہو یک دم یہ دینا چھوڑ جانا ہے
باغیچے چھوڑ کر خالی زمیں اندر سمانا ہے
نہ بیلی ہو سکے بھائی نہ بیٹا باپ دے مائی
تو کیوں پھرتا ہے سودائی عمل نے کام آتا ہے
تیرا نازک بدن بھائی جو لیٹے سیج پھولوں پر
ہوگا ایک دن مردار اسے کیڑوں نے کھانا ہے
فرشتہ روز کرتا ہے منادی چار کونوں پر
محلاں اونچیاں والے تیرے گور ٹھکانہ ہے
عزیزا یاد کروہ دن جو ملک الموت آئے گا
نہ جائے ساتھ تیرے گور اکیلا تو نے جانا ہے
جہاں شغل میں شاغل کی یاد سے غافل
کرے آواز کہ یہ دینا میرا ماتم ٹھکانہ ہے

غلام اک دم نہ کر غفلت حیاتی پر
خدا کی یاد کر ہر دم کہ جس نے کام آتا ہے

☆☆☆

Marfat.com

قطرہ مانگے جو کوئی

قطرہ مانگے جو کوئی تو اسے دریا دے دے
مجھ کو کچھ اور نہ دے اپنی تمنا دے دے

میں تجھ سے فقط اک نقش کف پا مانگو
تو جو چاہے تو مجھے جنت ساری دے دے

وہ جو آسودگی چاہیں انہیں آسودہ کر دے
بے قراری کی لطافت مجھے تنہا دے دے

میں اس اعزاز کے لائق تو نہیں لیکن
مجھ کو ہمسائیگی گنبدا خضرا دے دے

تب سینوں میں تیرے ابر کرم کے صوفی
میرے دامن کو جو تو وسعت صحرا دے دے

تیری رحمت کا یہ اعجاز نہیں تو کیا ہے
قدم اٹھیں تو زمانہ انہیں رستا دے دے

جب بھی تھک جائیں محبت کی ساخت میں ندیم
تب تیرا حسن بڑھے اور سنبھالا دے دے

☆☆☆

Marfat.com

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو سب عید مناؤ حضور ﷺ آ گئے ہیں
اٹھو غم کے مارو چلو بے سہارو خبر یہ سناؤ حضور ﷺ آ گئے ہیں

انوکھا نرالا وہ ذیشان آیا وہ دیکھو رسولوں کا سلطان ﷺ آیا
ارے کجکلا ہو ارے بادشاہو نگاہیں جھکاؤ حضور ﷺ آ گئے ہیں

ہوا چار سو رحمتوں کا بسیرا اُجالا اُجالا سویرا سویرا
حلیمہؓ کو پہنچی خبر آمنہؓ کی میرے گھر میں آؤ حضور ﷺ آ گئے ہیں

ہواؤں میں جذبات ہیں مرحبا کے فضاؤں میں نغمات صل علیٰ کے
درودوں کے گجرے سلاموں کے تحفے غلامو سجاؤ حضور ﷺ آ گئے ہیں

سماں ہے ثنائے حبیب ﷺ خدا کا یہ میلاد ہے سرور انبیاء ﷺ کا
نبی ﷺ کے گداؤ سب اک دوسرے کو گلے سے لگاؤ حضور ﷺ آ گئے ہیں

کہاں میں ظہوری کہاں ان کی باتیں کرم ہی کرم ہے یہ دن اور راتیں
جہاں پہ بھی جاؤ دلوں کو جگاؤ یہی کہتے جاؤ حضور ﷺ آ گئے ہیں

☆☆☆

Marfat.com

لب صلِ علیٰ کے ترانے

لب پر صلِ علیٰ کے ترانے اشک آنکھوں میں آئے ہوئے ہیں
یہ ہوا یہ فضا کہہ رہی ہے آقا ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں

ہر سو چرچا ہے خیرالوریٰ ﷺ کا جشن میلاد مصطفیٰ ﷺ ہے کا
نور ہے یہ حبیب خدا ﷺ کا راستے جگمگائے ہوئے ہیں

عظمتوں کے نگینے جڑے ہیں نام نبیوں کے بیشک بڑے ہیں
مقتدی بن کے پیچھے کھڑے ہیں وہ جو پہلے سے آئے ہوئے ہیں

جھک رہا ہے فلک بھی زمیں بھی ایسی چوکھٹ نہ دیکھی کہیں بھی
جس جگہ جبرائیل امیںؑ بھی اپنی گردن جھکائے ہوئے ہیں

در کھلے ان کی جو دوستی کے فیض جاری ہیں لطف خطا کے
آئیں دربار میں مصطفیٰ ﷺ کے جو بھی پہلے سے آئے ہوئے ہیں

زندگی دور رہ کے ادھوری حسرت دید کب ہوگی پوری
اپنی پلکوں پہ ہم بھی ظہوری چند آنسو سجائے ہوئے ہیں

☆☆☆

Marfat.com

یوں تو سارے نبی محترم ہیں مگر

یوں تو سارے نبیؑ محترم ہیں مگر سرور انبیا ﷺ تیری کیا بات ہے
رحمت دو جہاں اک تیری ذات ہے اے حبیب خدا ﷺ تیری کی بات ہے

روح کون و مکاں پر نکھار آ گیا روح انسانیت کو قرار آ گیا
مرحبا مرحبا ہر کسی نے کہا آمد مصطفیٰ ﷺ تیری کیا بات ہے

حضرت آمنہؓ کے دلارے نبی ﷺ غمزدہ امتوں کے سہارے نبی ﷺ
روز محشر کہے گی یہ خلق خدا سب کے مشکل کشا تیری کی بات ہے

چار سو رحمتوں کی گھٹا چھا گئی' باغ عالم میں فصل بہار آ گئی
دل کا غنچہ کھلا اسم اعظم ملا ذکر صل علیٰ تیری کی بات ہے

رحمت دو جہاں کا خزینہ ملے جب گلے سے ہوائے مدینہ ملے
عرشیوں کی ندا فرشیوں کی صدا اے در مصطفیٰ ﷺ تیری کی بات ہے

آرزو تھی جو دل کی وہ پوری ہوئی روضہ مصطفیٰ ﷺ کی حضوری ہوئی
ہر جگہ یہ ظہوریؔ ظہوریؔ ہوئی اے نبی ﷺ کے گدا تیری کیا بات ہے

☆☆☆

Marfat.com

ہر سمت برستی ہوئی رحمت کی جھڑی ہے

ہر سمت برستی ہوئی رحمت کی جھڑی ہے
یہ سرورِ عالم ﷺ کے آنے کی گھڑی ہے

وہ ابرِ کرم دشت کو گلزار بنائے
وہ سایہ رحمت ہے اگر دھوپ کڑی ہے

محبوب ﷺ کے دربار سے جو مانگو ملے گا
اللہ کی رضا آپ کی چوکھٹ پہ کھڑی ہے

سرکار ﷺ نے حسانؓ کو منبر پہ بٹھایا
آقا ﷺ کے ثنا خوان کی توقیر بڑی ہے

جب چاہوں ظہوری کروں روضے کا نظارا
تصویر مدینے کی میرے دل میں جڑی ہے

☆☆☆

Marfat.com

ہر لحظہ رحمت کی برسات مدینے میں

ہر لحظہ رحمت کی برسات مدینے میں
فیضانِ محمد ﷺ ہے دن رات مدینے میں

پلکوں پہ سجاؤں گا میں خاک مدینے کی
لے جائیں اگر مجھ کو حالات مدینے میں

کچھ ہار درودوں کے ہے زادِ سفر میرا
لے جاؤں گا اشکوں کی سوغات مدینے میں

عرشی بھی سوالی ہیں فرشی بھی سوالی ہیں
ملتی ہے شفاعت کی خیرات مدینے میں

دربار سے کوئی بھی ناکام نہیں پھرتا!
سنتے ہیں وہ سائل کی ہر بات مدینے میں

جس ذات کی برکت سے ہے نام ظہوریؔ کا
ہے جلوہ نما ہر سو وہ ذات مدینے میں

☆☆☆

Marfat.com

جب مسجد نبوی کے مینار نظر آئے

جب مسجد نبوی کے مینار نظر آئے
اللہ کی رحمت کے آثار نظر آئے

منظر ہو بیاں کیسے الفاظ نہیں ملتے
جس وقت محمد ﷺ کا دربار نظر آئے

بس یاد رہا اتنا سینے سے لگی جالی
پھر یاد نہیں کیا کیا انوار نظر آئے

دکھ درد کے ماروں کو غم یاد نہیں رہتے
جب سامنے آنکھوں کے غمخوار نظر آئے

مکے کے فضاؤں میں طیبہ کی ہواؤں میں
ہم نے تو جدھر دیکھا سرکار ﷺ نظر آئے

چھوڑ آیا ظہوری میں دل وجان مدینے میں
اب جینا یہاں مجھ کو دشوار نظر آئے

☆☆☆

Marfat.com

کملی والے کا ﷺ دامن

جسے مل گیا کملی ﷺ والے کا دامن اسے دو جہاں کی خوشی مل گئی ہے
بھلا باغ جنت کو وہ کیا کریگا مدینے میں جس کو ٹھکانہ ملا ہے

کسی کو زمانے کی دولت ملی ہے کسی کو جہاں کی حکومت ملی ہے
میں اپنے مقدر پہ قربان جاؤں مجھے یار کا آستانہ ملا ہے

نمازیں پڑھے جا اذانیں دیئے جا شب و روز سجدے پہ سجدا کیا جا
نمازیں اسی کی اذانیں اسی کی جسے پنجتن کا گھرانہ ملا ہے

دیئے جا تو زاہد خدا کی دہائی فرد نے تیری چھین لی ہے رسائی
اسی کی ہوئی ہے یہ ساری خدائی نبی ﷺ کا جسے آستانہ ملا ہے

جسے مل گئی ان کے در کی گدائی اسے دولت دو جہاں ہاتھ آئی
درِ مصطفیٰ ﷺ تک ہے جس کی رسائی شفاعت کا اس کو بہانہ ملا ہے

ظہوریؔ قلم کی یہی آبرو ہے کہ ذکر محمد ﷺ سے یہ سرخرو ہے
محمد ﷺ کا روضہ مرے روبرو ہے درودوں کا مجھ کو ٹھکانہ ملا ہے

☆☆☆

Marfat.com

مرحبا سرور کونین مدینے والے ﷺ

مرحبا سرور کونین مدینے والے ﷺ
ہم گنہگاروں کے سکھ چین مدینے والے ﷺ

نام ہونٹوں پہ تیرا آیا تو محسوس ہوا
مل گئی دولت دارین مدینے والے ﷺ

یاد کر کے تیرے دربار کے نظاروں کو
خوب روتے ہیں مرے نین مدینے والے ﷺ

دیکھ لیتا ہوں مدینے کا مسافر جو کہیں
دل مرا ہوتا ہے بے چین مدینے والے ﷺ

ایک مدت سے ہوں جناب زیارت آقا ﷺ
ہو کرم صدقہ حسنینؓ مدینے والے ﷺ

میں کہاں میری حقیقت ہی ظہوری کیا ہے
تاج شاہاں تیری ثقلین مدینے والے ﷺ

☆☆☆

Marfat.com

بزمِ کونین سجانے کیلئے آپ ﷺ آئے

بزمِ کونین سجانے کیلئے آپ ﷺ آئے
شمعِ توحید جلانے کیلئے آپ ﷺ آئے

ایک پیغام جو ہر دل میں اجالا کردے
ساری دُنیا کو سنانے کیلئے آپ ﷺ آئے

ایک مدت سے بھٹکتے ہوئے انسانوں کو
ایک مرکز پہ بلانے کیلئے آپ ﷺ آئے

ناخدا بن کے ابلتے ہوئے طوفانوں میں
کشتیاں پار لگانے کیلئے آپ ﷺ آئے

قافلہ والے بھٹک جائیں نہ منزل سے کہیں
دور تک راہ دکھانے کیلئے آپ ﷺ آئے

چشمِ بیدار کو اسرا خدائی بخشے
سونے والوں کو جگانے کیلئے آپ ﷺ آئے

☆☆☆

Marfat.com

ہم درِ آقا ﷺ پہ سر اپنا جھکا لیتے ہیں

ہم درِ آقا ﷺ پہ سر اپنا جھکا لیتے ہیں
سچ بتا اری دنیا تیرا کیا لیتے ہیں

جب نہیں ملتی کہیں سے بھی سکوں کی دولت
تیری محفل تیرے دیوانے سجا لیتے ہیں

وقت کی قید نہیں ہیں یہ کرم کی باتیں
جب بھی سرکار ﷺ کی مرضی ہو بُلا لیتے ہیں

گنبد خضریٰ خدا تجھ کو سلامت رکھے
دیکھ لیتے ہیں تجھے پیاس بجھا لیتے ہیں

غم کے ماروں کا دیوانو کرو کوئی علاج
ہم غم عشق نبی ﷺ سے ہی دوا لیتے ہیں

پتھرو تم تو ہو پتھر مگر آقا ﷺ میرے
تم سے گر چاہیں تو کلمہ بھی پڑھا لیتے ہیں

جب سے دیکھا ہے نیازیؔ وہ ریاض الجنہ
ہم تو گھر بیٹھے ہی جنت کا مزہ لیتے ہیں

☆☆☆

Marfat.com

آئی پھر یاد مدینے کی رلانے کیلئے

آئی پھر یاد مدینے کی رلانے کیلئے
دل تڑپ رہا ہے دربار میں جانے کیلئے

کاش میں اڑتا پھروں خاک مدینہ بن کر
اور مچلتا رہوں سرکار ﷺ کو پانے کیلئے

میرے لجپال نے رسوا نہ ہونے دیا مجھ کو
جب بھی پکارا ہے آئے ہیں بچانے کیلئے

غم نہیں چھوڑ دے یہ سارا زمانہ مجھ کو
میرے آقا ﷺ تو ہیں سینے سے لگانے کیلئے

یہ تو بس ان کا کرم ہے کہ وہ سن لیتے ہیں
ورنہ یہ لب کہاں فریاد سنانے کیلئے

بخش دی نعت کی دولت جو ہمیں آقا ﷺ نے
کتنا پیارا ہے وسیلہ انہیں پانے کیلئے

پھر میسر تجھے دیدار مدینہ ہوگا
وہ بلائیں گے تجھے جلوہ دکھانے کیلئے

تجھ سے بدکار و خطا کار کو محشر میں عدیلؔ
ہوں گے موجود وہ دامن میں چھپانے کیلئے

☆☆☆

Marfat.com

اللہ اللہ شہ کونین میں جلالت تیری

اللہ اللہ شہ کونین میں جلالت تیری
فرش کیا عرش پہ جاری حکومت تیری

تیرے انداز یہ کہتے کہ خالق تیرے
سب حسینوں میں پسند آئی ہے صورت تیری

بزم محشر کا نہ کیوں جائے بلاوا سب کو
کہ زمانے کو دکھانی ہے وجاہت تیری

موت آ جائے مگر آئے نہ دل کو آرام
دم نکل جائے مگر نکلے نہ الفت تیری

دیکھنے والے کیا کرتے ہیں اللہ اللہ
یاد آتا ہے خدا کو دیکھ کے صورت تیری

مجمع حشر میں گھبرائی ہوئی پھرتی ہے
ڈھونڈنے نکلی ہے مجرم کوشفاعت تیری

چین پائیں گے تڑپتے ہوئے دل محشر میں
کیسے غم یاد رہے دیکھ کے صورت تیری

☆☆☆

Marfat.com

دل میں ہو یاد تیری

دل میں ہو یاد تیری گوشہ تنہائی ہو
پھر تو خلوت میں عجب انجمن آرائی ہو

آستانے پہ تیرے سر ہو اجل آئی ہو
اور اے جان جہاں تو بھی تماشائی ہو

اس کی قسمت پہ خدا تخت شہی کی راحت
خاک طیبہ پہ جسے چین سے نیند آئی ہو

اک جھلک دیکھنے کی تاب نہیں عالم کو
وہ اگر جلوہ کریں کون تماشائی ہو

آج جو عیب کسی پر نہیں کھلنے دیتے
کب وہ چاہیں گے مری حشر میں رسوائی ہو

یہی منظور تھا قدرت کو کہ سایہ نہ بنے
ایسے یکتا کیلئے ایسی ہی یکتائی ہو

کبھی ایسا نہ ہوا ان کے کرم کے صدقے
ہاتھ اٹھنے سے پہلے نہ بھیک آئی ہو

بند جب خواب اجل سے ہوں حسنؔ کی آنکھیں
اس کی نظروں میں تیرا جلوہ زیبائی ہو

☆☆☆

Marfat.com

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

نہ کہیں ہیں دور کی منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہے جتنا نواز دے یہ درِ حبیب ﷺ کی بات ہے

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا
یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

وہ بھٹک کے راہ میں رہ گئی یہ مچل کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی شان تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر ان ﷺ سے ہے میرا واسطہ
میری لاج رکھ لے میرے خدا یہ درِ حبیب کی بات ہے

تجھے اے ارشد بے نوا درِ شہ سے چاہیے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا تو بڑے نصیب کی بات ہے

☆☆☆

Marfat.com

معراج کی رتیا دھوم یہ تھی

معراج کی رتیا دھوم یہ تھی اک راج دولارا آوت ہے
لولاک کا سہرا سر سوہت وہ احمد ﷺ پیارا آوت ہے

حوروں نے پڑھا جب بسم اللہ غلماں نے پکارا لا اللہ
خود رب نے کہا ماشاء اللہ محبوب ﷺ ہمارا آوت ہے

جبرائیل امیں یہ کہتے چلے اے عرشیوں تمہارے بھاگ جگے
تعظیم کو سب ہو جاؤ کھڑے سردار ﷺ ہمارا آوت ہے

یٰسین کی چمک ہے داتن میں طٰہٰ کا کرشمہ آنگن میں
والفجر کا جلوہ گالن میں وہ عرش کا تارا آوت ہے

ما زاغ کا کجلا نہیں بھرے والشمس کا سینہ مکھ پہ ملے
میم کا گھونگٹ سہرے تلے وہ رب کا سنوارا آوت ہے

دھرتی سے اٹھا آفاق چڑھا ممتاز یہ غل تھا چاروں طرف
لو حق سے ملنے صل علیٰ سردار ہمارا آوت ہے

☆☆☆

Marfat.com

جی کردا مدینے دیا سائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں

جی کردا مدینے دیا سائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں
کاسہ پھڑ کے کراں میں گدایاں مدینے دیاں ہون گلیاں
آواں کول کرو منظوری اوتھے زندگی ہو جاوے پوری
فیر چین کدی نہ جدائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں
کم کراں نال میں شوقاں گلیاں ہنجواں نال ترو ل
کراں پلکاں دے نال صفائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں
ماہی دی رہ جائے نظر سولی عشق ماہی وچہ ہو جاواں جھلی
اوتھے پھراں میں وانگ سودائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں
یار طبیبو دور ہٹ جاؤ نبض میری نوں ہتھ نہ لاؤ
مکھ یار دا اے ساڈیاں دوائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں
کل عالم توں چنگیاں گلیاں جتھے مدنی نے لایاں تلیاں
جمدیاں رب نیں قسماں نے چائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں
دور آقا ﷺ توں دوریاں ہوون دردی آساں پوریاں ہوون
کراں شکر تے ونڈاں میں مٹھائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں

☆☆☆

Marfat.com

ذکر نبی ﷺ دا کر دیاں رہن چنگا لگدا اے

ذکر نبی ﷺ دا کردیاں رہناں چنگا لگدا اے
ایس بہانے رل مل بہنا چنگا لگدا اے
مسجد نبوی دے وچ جانا نکرے ہو کے بہہ جانا
روضے پاک نوں تک دیاں رہنا چنگا لگدا اے
جالیاں کول کھلونا اچی ساہ نہ لینا رو لینا
اوتھے بولن نالوں چپ کر رہنا چنگا لگدا اے
آل نبی ﷺ دی عزت خاطر وچ کھاڑے دے
شیخ جنیدؒ دا جان کے ڈھنا چنگا لگدا اے
در حضور ﷺ تے جاوں موڑ واپس آواں ناں
اس مرنے توں مرجانا ای چنگا لگدا اے
اللہ پاک پڑھدا اے فرشتے وی سارے پڑھدے نے
سارے پڑھو درود نبی ﷺ تے چنگا لگدا اے
جدوں سکون دی لوڑ ہووے محفل نعت سجا لینا
ذکر نبی ﷺ دا رب تعالیٰ نوں چنگا لگدا اے

اچے بول نہ بول ظہوری نیویں پا کے ٹریا دو
آقا ﷺ دیاں نعتاں لکھنا پڑھنا چنگا لگدا اے

☆☆☆

Marfat.com

نہیں کوئی اوقات او گنہار دی

نہیں کوئی اوقات او گنہار دی
جیوجئی دی ہاں میں ہاں سرکار ﷺ دی

اللہ دی سونہہ سانوں کوئی ٹھکھ نہیں
ٹھکھ جے ہے تے ہے تیرے ﷺ دیدار دی

تر گئے لکھاں بلالؓ حبشی جئے
دیدار کر کے احمد مختار ﷺ دی

کیوں پھراں میں منگتیاں توں منگدی
میں تے منگتی ہاں خدا دے یار ﷺ دی

اوہناں نوں چنگی نہیں لگدی کوئی شے
جھلک ویکھی اے جناں سرکار ﷺ دی

مہرباناں سوہنیاں من موہنیاں
ویکھ جا حالت کدی بیمار دی

لیراں بیراں ہو گیاں گھر وچ میرے
جدوی کیتی نوکری سرکار ﷺ دی

جو ملی عزت نیازی جگ تے
مہربانی ہے اے سب سرکار ﷺ دی

☆☆☆

Marfat.com

عرشاں اتے جاون والا آ گیا

عرشاں اتے جاون والا آ گیا
امت نوں بخشاون والا آ گیا
پتھر جھل کے طائف دے میداناں وچ
ویکھو پھل ورتاون والا آ گیا
کہندے پئے نے سارے لوک مدینے دے
انصاری ول جاون والا آ گیا
محلاں والے رستے تک دے رہ گئے
جھگیاں نوں رنگ لاون والا آ گیا
ساڈی وی اوقات بدل گئی دنیا تے
ساڈے مان ودھاون والا آ گیا
سورج نوں پچھے ہٹنا پئے گیا
جِن کول بلاون والا آ گیا
او گنہارو رب دا شکر بجاندے رہو
جنت وچ لے جاون والا آ گیا
اجڑی کل آج دائی وس پئی اے
اجڑے نگر وساون والا آ گیا

ناصرؔ ختم اڈیکاں سبھے ہوئیاں نے
محفل دے وچ آون والا آ گیا

☆☆☆

Marfat.com

آمنہؓ دے گھر آون والا

آمنہؓ دے گھر آون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
بھاگ فرش توں لاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
منزل اتے بڈھری مائی ہنج کے بولی سی
میرا بھار اٹھاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
ذکر حضور ﷺ دا رل مل کرنا عین عبادت جے
گیت حضور ﷺ دے گاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
مولٰی علیؓ نے پھر دا سورج ویکھ کے فرمایا
سورج موڑ لیاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
پاک نبی ﷺ دے نام دے اتوں وچ مدینے دے
سارا مال لٹاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
ست کھجوراں دستر خوان نے رکھ کے رب دی سوں
ساری فوج رجاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
چنگیاں نوں تے ہر کوئی اپنا بیلی کہندا اے
منداں نوں گل لاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں
کیر کے اتھرو غاراں اندر دوزخ نوں
چھٹے مار بجھاون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں

انج تے لکھاں سوہنے نے پر ناصر دنیا تے
رحمت بن کے آون والا سب توں سوہنا ﷺ ایں

☆☆☆

Marfat.com

سدلو مدینے آقا ﷺ

یاد وچ روندیاں نیں اکھیاں نمانیاں
سدلو مدینے آقا ﷺ کرو مہربانیاں
ساری کائنات دا خزینہ مل گیا اے
اللہ دی سونہہ جنہاں نوں مدینہ مل گیا اے
جالیاں دے کول بہہ اوناں موجاں ماریاں
سدلو مدینے آقا ﷺ کرو مہربانیاں
در دے سوالیاں نوں فیر جھولی پاوناں
گندیاں تے مندیاں نوں سینے نال لاوناں
ایہو لج پالاں دیاں عادتاں پرانیاں
سدلو مدینے آقا ﷺ کرو مہربانیاں
سارے جگ نالوں اوہ فضاواں نیں نرالیاں
چماں جا کے اوس سوہنے روضے دیاں جالیاں
شالا کدی فیر آون رتاں او سہانیاں
سدلو مدینے آقا ﷺ کرو مہربانیاں

ساڈے تے ظہوریؔ ایہو دین تے ایمان اے
پیار سوہنے مدنی دا عبادتاں دی جان اے
باقی سبھے گلاں ایویں قصے نے کہانیاں
سدلو مدینے آقا ﷺ کرو مہربانیاں

☆☆☆

Marfat.com

ہنجواں دے ہار پھُلاں دے

ہنجواں دے ہار پھلاں دے گجرے بنالواں
ذکر رسول پاک ﷺ دی محفل سجا لواں

رہیا مدینے جاندیا کولوں دی لنگھ کے
ٹھہریں میں تیری راہوں چہ اکھیاں وچھالواں

اوتھے تے جند چھڑائے گی میتھوں اے موت وی
اک وار میں حضور ﷺ دے روضے تے جالواں

ویکھاں جے روضے پاک نوں نظراں نہ رج دیاں
جے ویکھاں اپنے آپ نوں نظراں جھکالواں

ہے عقل دا اے فیصلہ نچنا حرام اے
کہندا اے عشق پیراں نوں نچ نچ منالواں

اک وار گناہ گار جے کرلے نبی ﷺ نوں یاد
رحمت کوئے حضور ﷺ دی آمیں چھڑا لواں

وچ قبر دے ظہوریؔ نوں نہ کروا جے سوال
پہلے تے میں حضور ﷺ نوں نعتاں سنا لواں

☆☆☆

Marfat.com

سب دے درد ونڈاون والا

سب دے درد ونڈاون والا
آ گیا جگ تے آون والا

پھلاں نوں خوشبوواں ونڈے
پیار دے باغ اگوان والا

دشمن لئی وچھاوے چادر
ہس ہس پتھر کھاون والا

عرش اعلیٰ توں اگے چلیا
چن نوں کول بلاون والا

پڑھیا نہیں استاداں کولوں
سب نوں علم سکھاون والا

بیٹھا آپ چٹائی دے اتے
عرش تے ڈیرا لاون والا

تاریکی دا سینہ چیرے
روشنیاں ورتاون والا

پیٹ دے اتے پتھر بنھے
بھکھے پیٹ رجاون والا

ناصؔر کدی غریب نہیں رہندا
آقا ﷺ دے گن گاون والا

☆☆☆

Marfat.com

سرکار ﷺ جیا سوہنا آیا اے نہ اونا اے

سرکار ﷺ جیا سوہنا آیا اے نہ اونا اے
نہ رب نے بنایا اے نہ رب نے بناؤنا اے

حق اے
جی کردا اے مرجاواں جس دن اے سنیا اے
وچ قبر دے آقا ﷺ نے دیدار کروانا اے
حق اے

ویکھو جی ہر اک شے تے پیا نور برس دا اے
لگدا اے ہنیں ایتھے سرکار ﷺ نے اونا اے

حق اے
انگلی نوں اٹھاندے نیں نالے چن نوں ہلاندے نے
سوں رب دی اے چن فلکی آقا ﷺ دا کھڈونا اے
حق اے

کوئی سڑدا اے سڑ جاوے کوئی مردا اے مر جاوے
سنیاں نے تے گج وج کے میلاد منانا اے

حق اے
بن جانی اے گل تیری ویکھیں حشر دے دن یارا
سنیاں نوں جدوں آقا ﷺ اوتھے گل نال لاؤنا اے
حق اے

☆☆☆

Marfat.com

سب ناواں توں سوہنا نام

سب ناواں توں سوہنا نام
جہدے وچ دو میماں
اس نام نوں لکھاں سلام
جیہدے وچ دو میماں

نور محمدی ﷺ چمکدا آیا
عرش فرش تے چانن لایا
سوہنے نے سوہناں نام رکھایا
اس نام توں میں قربان
جیہدے وچ دو میماں

احد سی احمد ﷺ بن کے آیا
رب نے اپنا روپ وٹایا
مکھ تے میم دا برقعہ پایا
نام عاشقاں لیا پچھان
جیہدے وچ دو میماں

سارے نام نبی ﷺ دے پیارے
اک دوجے توں ودھ کے سارے
سارے نام تجلیاں والے
اس نام توں میں قربان
جیہدے وچ دو میماں

Marfat.com

کملی لے کے عمر گزاری
ایہہ گل جان دی دنیا ساری
نام نبی ﷺ توں صدقے واری
اس ناں وچ میری جان
جیہدے وچ دو میماں

نام محمد ﷺ جگ وچ تمیاں
سب توں پہلا آدم چمیاں
فیر جبرائیل امین نے چمیاں
فیر چمیاں صدیقؓ عثمانؓ
جیہدے وچ دو میماں

جدوں دا پیار نبی ﷺ ناں پایا
لوں لوں دے وچ نور سمایا
عرشاں اتوں آواز آیا
حافظ دل تے لکھ لے نام
جیہدے وچ دو میماں

☆☆☆

Marfat.com

ہر شے خدا نے بنائی اے

ہر شے خدا نے بنائی سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے
دو جگ دی کھیڈ رچائی اے سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے

رب فرمایا موسیٰ تائیں تینوں دید کراؤن ناہیں
اے دید بس میں لکائی اے سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے

حکم اوہناں دے ہر تھاں چلدے اج وی اونہاں دے دیوے نیں بلدے
ہر شے جناں نمیں لٹائی اے سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے

رب جو حسن دی ڈھیری لائی کج حصے چوں خلقت بنائی
تے باقی دی ساری بچائی سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے

ہر اک جاتے قدم نبی دا لوح کرسی تے قلم نبی دا
جنت دی رب نے سجائی اے سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے

کہ دن محشر دا جد ہے اوتاں حاکم اودوں رب فرمانا
دینی میں سب نوں رہائی اے سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے

ہر شے خدا بنائی سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے
دو جگ دی کھیڈ رچائی اے سوہنے مدنی ﷺ دے واسطے

☆☆☆

Marfat.com

سارے مل کے مارو نعرہ علیؓ علیؓ

علیؓ علیؓ دے نعرے تھاں تھاں، تھاں تھاں تھاں نام علیؓ دا
اس دا کیف نہیں مکدا، جیہنے پیتا جام علیؓ دا
ہاں مقصود دا ازل توں میں تے خاص غلام علیؓ دا
تاہیوں ذکر پیاہاں کردا صبح تے شام علیؓ دا
سب ولیاں تے ہے سرداری جگ دے پیر علیؓ دی
جگ کر دا اے تابعداری جگ دے پیر علیؓ دی
گھر مقصود دے برکت سارے جگ دے پیر علیؓ دی
شالہ اج آوے اسواری جگ دے پیر علیؓ دی
ہر کوچہ ہر نگر نگر، ہر گلی گلی
سارے مل کے مارو نعرہ علیؓ علیؓ
علیؓ دے دیوانیاں کدی ڈر کے نہیں رہنا ایں
ہر دم علیؓ مولا علیؓ مولا کہنا ایں.....
ایسے نام دا صدقہ مشکل- ٹلی ٹلی
سارے مل کے مارو نعرہ علیؓ علیؓ
علیؓ اسد اللہ ولی اے
اوہندا رتبہ کمال اے
سخی ایں گھرانہ مولا علیؓ لجپال اے
اساں صدقہ نبی ﷺ دا منگنا تے کہنا علیؓ علیؓ
جنّاں دے کوٹھے ونڈا دا پیا نور دیوانہ
ایس دیوانے نوں جاندا زمانہ
کیوں بھلیا پھرناں ایویں گلی گلی
سارے مل کے مارو نعرہ علیؓ علیؓ

Marfat.com

مدینے دے راہی ﷺ

سن شہر مدینے دے راہی
پیغام دیویں سرکاراں نوں
قدماں وچ سدلو سانوں وی
کدی دکھیاں تے لاچاراں نوں

کوئی شہر مدینے جاندا اے
دل روندا تے کرلاندا اے
جویں وچھڑے کونج قطاراں نوں
جویں کوئل ترسے بہاراں نوں

مکھ سوہنیا ساتھوں موڑیں نہ
بڑا مان تیرے تے توڑیں نہ
عملاں توں جھولی خالی اے
اک مان تیرے گنہگاراں نوں

پئے جگ تے اوہدا مل جاندا
جہڑا عشق نبی ﷺ وچ رل جاندا
رب ناویں اس دے لاچھڈ دا
سب جنتاں دیاں گلزاراں نوں

سانوں جو کجھ رب توں ملدا اے
سب صدقہ نبی ﷺ دا مل دا اے
تیرے نام دے صدقے ونڈ دا ہاں
رب آکھیا اے سرکاراں نوں

Marfat.com

اگے یاراں دے یار جی کر دے
ڈنگ کھاندے پر نہیں سی کر دے
اوکھے سوکھے ویلے لگدا اے
پتہ یاراں دیاں فریاداں نوں

گل دل وچ رکھ اے ہو شاکر
بن آل نبی ﷺ دا توں چاکر
چھڈ دنیا دے سب یاراں نوں
ایناں جوٹھیاں تے مکاراں نوں

☆☆☆

Marfat.com

چل نبی ﷺ دے در تے

چل نبی ﷺ دے در تے
ویکھیں نظارے نور دے
قدماں دے وچ حضور ﷺ دے بن جانی تیری گل
چل نبی ﷺ دے در تے

طیبہ دیاں مست ہواواں رنگیں پرکیف فضاواں
جنت توں ودھ کے تھاواں اوہناں توں صدقے جاواں
اللہ عزوجل دی رحمت اوتھے بکھری محبت اوتھے
راضی جے ہووے سوہنا مکنا ایں اوتھے رونا

رحمت دی آنی چھل چل نبی ﷺ دے در تے
ہسن تدبیراں اوتھے بدلن تقدیراں اوتھے
مہکن تعبیراں اوتھے ٹٹن زنجیراں اوتھے
داہندا اے اوہراں اوتھے رجنا فقیراں اوتھے

کوئی جے تھوڑ تینوں جنت دی لوڑ تینوں
سوہنے دا بوہا مل چل نبی ﷺ دے در تے
مہکن ایمانی کلیاں چمکن نورانی گلیاں
چمکن وجدانی کلیاں اترن آسمانی پریاں

